**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

## بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی مستحکم معیشت کیلئے ناگزیر ہے

## نادہندگان سے ریکوری کمپین کے دوران 6 ارب 84 کروڑ سے زائد کے واجبات وصول

## بجلی بل ادا نہ کرنے والے متعدد صارفین کے کنکشنز منقطع کر دیے گئے

## چیف ایگزیکٹو آفیسر آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

اسلام آباد 20 اکتوبر 2025

آئیسکو چیف ایگزیکٹو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ آئیسکو کے تمام آپریشن سرکلز میں بجلی بلوں کی بروقت ادائیگی اور نادہندگان سے واجبات وصولی کیلئے ایک منظّم کمپین جاری ہے کیوں کہ بجلی بلوں کی بروقت وصولی کمپنی کے مالی استحکام اور ملک کی مستحکم معیشت کیلئے ناگزیر ہے۔ انجینئر چوہدری خالد محمود نے ریکوری کمپین کے نتائج بتاتے ہوئے کہا کہ ہماری ریکوری ٹیموں نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مجموعی طور پر 2 لاکھ 27 ہزار سے زائد رننگ اور ڈیڈ ڈیفالٹرز سے 6 ارب 84 کروڑ 27 لاکھ سے زائد کے واجبات وصول کیے اور بجلی بل ادا نہ کرنے والے متعدد صارفین کے کنکشنز منقطع بھی کر دیے گئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئیسکو کے معزز صارفین کو بلوں کی ادائیگی کیلئے آن لائن بل ادائیگی، موبائل ایپل اور جدید بلنگ سہولیات فراہم کی گئی ہیں جس کی بدولت صارفین بجلی بلوں کو بروقت ادا کر سکتے ہیں۔ صارفین کسی بھی کاروائی بشمول کنکشنز کٹنے کی زحمت سے بچنے کے لئے بجلی بلز بروقت جمع کروائیں تا کہ آئیسکو صارفین کو معیاری سروسز اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کے تسلسل کو برقرار رکھ سکے۔